اگر اس دستاویز اور انگریزی/چینی ورژن کے درمیان کوئی غیر ہم آہنگی یا اختلاف پایا جاتا ہے، تو انگریزی/چینی ورژن کو فوقیت حاصل ہو گی۔

آٹومیٹڈ ٹیلر مشینز استعمال کرنے کے حوالے سے مفید مشورے

ATMs استعمال کرنے کے حوالے سے تحفظ کے اہم مشورے

ATM کارڈز اور پاسورڈز – اپنے کارڈ کو محفوظ رکھیں۔ ایک ایسا پاسورڈ رکھیں، جس کا اندازہ لگانا مشکل ہو اور دیگر سروسز سے مختلف ہو۔ اپنے پاسورڈ کو باقاعدگی سے تبدیل کرتے رہیں۔ اپنے ATM کارڈ اور پاسورڈ کو ایک جگہ نہ رکھیں۔ بینک کبھی بھی فون کالز یا ای میلز کے ذریعے حساس ذاتی معلومات بشمول فون کالز اور ای میلز کا مطالبہ نہیں کریں گے۔

ATMs– کارڈ ڈالنے کی جگہ، کی پیڈ اور کی پیڈ کے کور میں کسی بھی غیر معمولی چیز سے ہوشیار ہوں (مثلاً کوئی مشکوک ڈیوائس نصب شدہ ہو)۔ اپنی پاسورڈ درج کرتے ہوئے کی پیڈ کو اپنے ہاتھ سے ڈھانپ لیں اور پڑتال کریں کہ آیا کوئی آپ کے پاسورڈ پر جھانکنے کی کوشش تو نہیں کر رہا ہے۔

نقد رقم نکلوانا – نقد رقم نکلوانے کے فورًا بعد بینک نوٹ گن لیں۔ کسی کے چھوڑے ہوئے ویسے پڑے بینک نوٹس یا ATM کارڈ کو نہ لے کر جائیں۔ بینک نوٹس یا ATM کارڈ کو خودبخود ATM میں واپس جانے دیں۔

بیرون ملک رقم نکلوانا – آپ کو بیرون ملک ATM سے رقم نکلوانے کی صلاحیت کو پہلے سے فعال کروانا چاہیے اور بیرون ملک ATM سے رقم نکلوانے کی ایک سمجھدارانہ حد اور فعالیت کا عرصہ مختص کرنا چاہیے۔

بینکوں کی جانب سے پیغامات – اپنے بینک کی جانب سے فراہم کردہ ٹرانزیکشن ریکارڈز کو وقت پر جانچ کر لیں۔ اگر آپ سے ATM کارڈ کھو جائے یا کسی مشکوک ٹرانزیکشن یا صورتحال، رقم سے قطع نظر ہو کر، کے متعلق اپنے بینک کو فورًا اطلاع دیں۔

رقم کی منتقلی – رقم کی منتقلی کی ہدایت کی تصدیق کرنے سے پہلے وصول کنندہ کے اکاؤنٹ نمبر اور منتقلی کی رقم کی احتیاط سے توثیق کریں۔ غلطی سے کسی غلط اکاؤنٹ میں منتقلی کی صورت میں، جتنی جلدی ممکن ہو سکے، معاونت کے لیے بینک سے رابطہ کریں۔ تاہم، بینک صرف وصول کنندہ کی رضامندی سے ہی رقم کو واپس منتقل کر سکتا ہے۔ اگر وصول کنندہ تعاون نہ کرے یا رقم واپس کرنے سے انکار کر دے، تو منتقل کنندہ کو پولیس کو رپورٹ درج کروانے پر غور کرنا چاہیے۔

ہانگ کانگ مانیٹری اتھارٹی
ویب سائٹ: www.hkma.gov.hk
ٹیلیفون: 2878 8196
یوٹیوب: HKMA
فیس بک: HKMAGOVHK
انسٹاگرام: HKMAGOVHK

تسلیمات: دی ہانگ کانگ ایسوسی ایشن آف بینکس